ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(794)

16-12-2022

**بہاول پور()جمعتہ المبارک کے روزایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوزکے سکیورٹی کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کے وزٹ،سکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظرڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کوالرٹ رہنے کی ہدایت کی،ہم الرٹ رہیں گےتو شرپسندعناصراپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب،ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹراحسان صادق کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی اوکی ہدایت پرعمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوزنے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوزنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامورافسران واہلکاران کو چیک کیا۔سکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجوداسلحہ اورحفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کوالرٹ رہ کرڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی اوعبادت نثارنے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارافرض بہت اہم ہے،شہریوں کواحساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اورالرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصراپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے،انہوں نے ایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوزکواپنے اپنے ایریامیں مؤثرگشت اورسکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپورپولیس



بہاول پور:جمعتہ المبارک کے حوالے پولیس کے جوان مساجد پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(795)

16-12-2022

**بہاول پور(        ) بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو معیاری سروسز کی فراہمی کا سلسلہ مزید وسیع کر دیا گیا۔ڈی ایس پی نوید اکرام شہید ڈرائیونگ اسکول خیر پورٹامیوالی کے مارننگ وایوننگ موٹر سائیکل/موٹر کار کے پہلے 04 بیچ کی ٹریننگ مکمل جبکہ ایل ٹی وی بیچ نمبر 02 کی ٹریننگ مکمل اور تیسرے بیچ کی ٹریننگ جاری ہے۔ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع یا افراد ہمیشہ کے لیے معذور ہو جاتے ہیں،اسکول میں مہلک حادثات سے بچاؤ کے حوالے سے بہترین تربیت اور شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جاتی ہے۔ڈی پی او عبادت نثار**

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگر اضلاع کی طرح بہاول پور میں بھی شہریوں کو بہترین تربیت/ٹریفک سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے ڈی ایس پی نوید اکرام شہید ڈرائیونگ اسکول خیر پورٹامیوالی کام کر رہا ہے۔جہاں پر صبح و شام دو شفٹوں میں اسٹوڈنٹس کو موٹر سائیکل / موٹر کار کے علاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جا رہی ہے۔اس سلسلہ میں 56 سے زائد کامیاب سٹوڈنٹس کی ٹریننگ مکمل کرنے پر اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے، ڈرائیونگ اسکول کے اسٹاف نے بہترین انداز میں اسٹوڈنٹس کو ڈرائیونگ کی تربیت دی،دو ہفتے کی ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو ٹریننگ اسکول کے ٹریک، دوسرے مرحلے میں مصروف روڈز پر پیشہ ورانسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تاکہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت ان کے اعتماد میں اضافہ ہو۔کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کا تحریری اور عملی ٹیسٹ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کو دن اور شام کے اوقات میں مرحلہ وار مکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹیننس، پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ، روڈ سیفٹی اور قانون کی پاسداری و اچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں۔جبکہ کورس کے اختتام پر نمایاں کارکردگی کے حامل اسٹوڈنٹس کو ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر عباس اختر نے اچیومنٹ سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیا جا رہا ہے،آن لائن ٹیسٹ، سفارش اور مڈل مین کے بغیر صرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنر اور لائسنس کے لیے اپلائی/جاری کیے جاتے ہیں،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچاؤ کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت و شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جا رہی ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈی ایس پی نوید اکرام شہید ڈرائیونگ اسکول خیر پورٹامیوالی کے موٹر سائیکل/موٹر کار کے پہلے 04 بیچ کی ٹریننگ مکمل،ایل ٹی وی بیچ نمبر 03 کی ٹریننگ جاری ہے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (796)

16.12.2022

**بہاول پور ( ) عوام الناس کو میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام۔بہاولپور پولیس کی جانب سے سال 22-2021 کی پولیس خدمت کاونٹرز کی کارگردگی رپورٹ شائع کردی گئی۔گزشتہ 02 سال میں ضلع بھر میں 7692 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ بنائے گئے جبکہ سال رواں میں 30 نومبر تک 3993 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ جاری کیئے گئے جس میں عوام الناس کو معاونت فراہم کی گئی۔بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو میڈیکل لیگل سروسز کی فراہمی میں معاونت فراہم کرنا ہمارا فرض ہے تاکہ عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے،ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب فیصل شاہکار کی معیاری میڈیکولیگل سروسز کی پالیسی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو معیاری میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے جس کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔پولیس خدمت کاونٹر کے زریعے متاثرہ شخص / مضروب کو تھانہ کے بجائے براہ راست ہسپتال لے جاکر میڈیکل سہولت فراہم کی جاتی ہے اور ڈاکٹروں کے معائنے کے بعد،میڈیکل سرٹیفکیٹ بنائے جاتے ہیں۔گزشتہ 02 سال میں ضلع بھر میں 7692 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ بنائے گئے جبکہ سال رواں میں 30 نومبر تک 3993 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ جاری کئے گئے ، جس میں سال رواں میں 2965 مرد حضرات اور 1028 خواتین مستفید ہوئیں۔اس سلسلہ میں ضلعی فوکل پرسن ڈسٹرکٹ میڈیکولیگل پولیس صفدر بھٹی اور انکی ٹیم 24 گھنٹے سروسز کی فراہمی بلاتعطل جاری رکھے ہوئے ہیں۔متاثرہ شخص کی فوری طور پر رہنمائی کرتے ہوئے مضروب یا متاثرہ خاتون / مرد فوری طور پر طبی امداد و معائنہ کراتے ہیں۔MLC کی تکمیل کے لئے فوری طور پر ڈاکٹرز / میڈیکل اسٹاف کے عملے سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں اور MLC کی تکمیل کے بعد متعلقہ تفتیشی آفیسر کو فوری طور پر آگاہ کرتے ہیں جو کہ مقدمات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔پولیس خدمت کاونٹر ڈی پی او بہاول پور کے براہ راست نگرانی میں ہوتا ہے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ عوام الناس کو معاری سروسز کی فراہمی کے لئے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔میڈیکل لیگل سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے پولیس خدمت کاونٹر کا قیام معیاری سروسز کی فراہمی کی طرف ایک اہم قدم ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:عوام الناس کو میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کی سروسز جاری۔